Australian Government
Department of Infrastructure, Transport,
Regional Development, Communications and the Arts

# ریٹنگز کا کیا مطلب ہے؟

اردو | Urdu

آسٹریلیا میں فراہم کیے جانے سے پہلے عام طور پر، فلموں، کمپیوٹر گیمز اور بعض اشاعتوں کی درجہ بندی کرنا ضروری ہے۔

درجہ بندی کی ریٹنگز آپ کو یہ انتخاب کرنے میں مدد کرسکتی ہیں کہ آپ کو کیا دیکھنا، کھیلنا اور پڑھنا ہے۔

## فلموں اور کمپیوٹر گیمز کے لیے مشاورتی ریٹنگز

### جنرل (G)، پیرنٹل گائیڈنس یا والدین کی رہنمائی (P) اور میچور (M)

یہ ریٹنگز مشاورتی کیٹگریز ہیں۔ ان فلموں اور کمپیوٹر گیمز کو دیکھنے اور/یا کھیلنے کے لیے کوئی قانونی پابندی نہیں ہے۔

**جنرل (G)**

**مواد بہت ہلکے اثر کا ہے**

جنرل (G) درجہ بندی کی فلمیں اور کمپیوٹر گیمز ہر کسی کے لیے موزوں ہیں۔ ان میں ایسا مواد پایا جا سکتا ہے جس سے بہت چھوٹے بچے ڈر سکتے ہیں۔

**پیرنٹل گائیڈنس یا والدین کی رہنمائی (P)**

**مواد ہلکے اثر کا ہے**

PG (والدین کی رہنمائی) کی درجہ بندی والی فلموں اور کمپیوٹر گیمز میں ایسا مواد ہو سکتا ہے جس سے ایک بچہ تذبذب یا پریشانی محسوس کر سکتا ہے اور ایسے مواد کے لیے والدین یا سرپرست کی رہنمائی کی ضرورت ہوتی ہے۔
اسے 15 سال سے کم عمر کے بچوں کو والدین یا سرپرست کی رہنمائی کے بغیر دیکھنے کی تجویز نہیں کی جاتی ہے۔

**میچور (M)**

**مواد درمیانے اثر کا ہے**

15 سال سے کم عمر کے بچوں کے لیے M (میچور) درجہ بندی کی فلموں اور کمپیوٹر گیمز کی تجویز نہیں کی جاتی ہے۔ ان میں تشدد اور ایسی چیزیں شامل ہوسکتی ہیں جنھیں ٹھیک سے سمجھنے کے لیے ایک میچور نظریے کی ضرورت ہوتی ہے۔
15 سال سے کم عمر کے بچے قانونی طور پر اس مواد تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔
یہ فیصلہ کرنے کے لیے کہ کوئی فلم یا کمپیوٹر گیم بچوں کے لیے موزوں ہے یا نہیں، والدین اور سرپرستوں کو ان میں موجود مواد کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

## فلموں اور کمپیوٹر گیمز کے لیے محدود یا ریسٹرکٹڈ ریٹنگز

### بالغوں کے ساتھ (+MA 15) اور محدود (+R 18)

درج ذیل ریٹنگز قانونی طور پر محدود زمرے میں آتی ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ان فلموں اور کمپیوٹر گیمز تک رسائی پر قانونی پابندیاں ہیں۔

**بالغوں کے ساتھ (+MA 15)**

**مواد گہرے اثر کا ہے**

+MA 15 کی درجہ بندی والی فلمیں اور کمپیوٹر گیمز قانونی طور پر 15 سال یا اس سے زیادہ عمر کے لوگوں تک محدود ہیں۔ ان میں جنسی مناظر اور منشیات کے استعمال جیسا مواد شامل ہوسکتا ہے جو دیکھنے والوں پر گہرا اثر ڈال سکتا ہے۔
کسی شخص سے +MA 15 فلم یا کمپیوٹر گیم خریدنے، کرائے پر لینے یا دیکھنے سے پہلے اپنی عمر کا ثبوت دکھانے کو کہا جا سکتا ہے۔
15 سال سے کم عمر کے کسی فرد کو +MA 15 فلم سنیما میں دیکھنے کے لیے ان کے والدین یا سرپرست کو اپنے لیے ٹکٹ خریدنا چاہیے اور فلم کے مکمل دورانیے تک ان کے ساتھ رہنا چاہیے یا +MA 15 فلم یا گیم خریدنے کے لیے ان کے ساتھ ہونا چاہیے۔

**محدود (+R 18)**

**مواد بہت گہرے اثر کا ہے**

+R 18 کے طور پر درجہ بند فلمیں اور کمپیوٹر گیمز قانونی طور پر 18 سال یا اس سے زیادہ عمر کے بالغوں تک محدود ہیں۔ ان میں ایسا مواد ہو سکتا ہے جو کچھ بالغ افراد کے لیے ناگوار ہو۔
کسی شخص سے +R 18 فلم یا کمپیوٹر گیم خریدنے یا دیکھنے سے پہلے اپنی عمر کا ثبوت دکھانے کو کہا جا سکتا ہے۔

## بالغ فلموں کے لیے محدود ریٹنگ

**محدود (+X 18)**

+X 18 کے طور پر درجہ بند فلمیں قانونی طور پر 18 سال یا اس سے زیادہ عمر کے بالغوں تک محدود ہیں۔ ان میں جنسی طور پر واضح سرگرمی شامل ہوتی ہے بشمول بالغوں کے درمیان رضامندی کے ساتھ حقیقی جنسی ملاپ یا دیگر جنسی سرگرمی۔

## ریٹنگ بنانے سے پہلے

**کلاسیفیکیشن (CTC) چیک کریں**

کسی فلم یا کمپیوٹر گیم جس کی درجہ بندی نہیں کی گئی ہے، اس کی تشہیر میں 'چیک دی کلاسیفیکیشن' یا CTC شامل ہوگا۔
آپ کو فلم یا کمپیوٹر گیم کی ریلیز کی تاریخ کے قریب درجہ بندی چیک کرنی چاہیے۔ مواد کی درجہ بندی ہونے کے بعد، درجہ بندی اشتہارات پر ظاہر ہونی چاہیے۔

## فلموں اور کمپیوٹر گیمز کے لیے صارفین کے لیے مشورہ یا کنزیومر ایڈوائس

صارفین کے لیے مشورہ یا کنزیومر ایڈوائس آپ کو یہ انتخاب کرنے میں مدد کرتا ہے کہ آپ کیا دیکھیں اور کھیلیں۔ یہ فلم یا کمپیوٹر گیم میں سب سے زیادہ اثر انگیز مواد کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے۔ صارفین کے لیے مشورہ یا کنزیومر ایڈوائس میں عام طور پر چھ درجہ بندی کرنے والے عناصر کے حوالے شامل ہوتے ہیں: تھیمز، تشدد، زبان، منشیات کا استعمال، عریانیت اور جنسی عمل۔

کمپیوٹر گیمز کے لیے صارفین کے لیے مشورہ یہ بھی نوٹ کرتا ہے کہ آیا اس میں آن لائن انٹرایکٹیویٹی، گیم کھیلنے کے دوران خریداری (ان گیم پرچیزیس) یا سیمولیٹڈ گیمبلنگ شامل ہیں۔

## اشاعتوں کے لیے ریٹنگز

میگزین سمیت زیادہ تر اشاعتوں کو درجہ بندی کی ضرورت نہیں ہوتی ہے اور قانونی طور پر کوئی بھی اسے خرید اور پڑھ سکتا ہے۔ صرف وہ اشاعتیں جو ریفیوزڈ کلاسیفیکیشن ہوں (جنھیں قانونی طور پر آسٹریلیا میں بیچایا خریدا نہیں جا سکتا کیونکہ ان کا مواد انتہائی گہرے اثر کا ہوتا ہے اور معاشرے میں قابل قبول نہیں سمجھا جاتا) یا بالغوں تک محدود ہو ہوں، ان کی درجہ بندی کی ضرورت ہوتی ہے۔

## غیر محدود




**غیر محدود**

کوئی بھی غیر محدود اشاعت خرید سکتا ہے۔

غیر محدود اشاعتوں میں ایسا مواد ہو سکتا ہے جو 15 سال سے کم عمر بچوں کے لیے تجویز نہیں کیا جاتا ہے۔
ان اشاعتوں میں M (میچور) - 15 سال سے کم عمر کے قارئین کے لیے تجویز کردہ نہیں کا صارفین کے لیے مشورہ ہوگا۔

## محدود

زمرہ 1 محدود اور زمرہ 2 محدود کے طور پر درجہ بند اشاعتیں صرف بالغوں کو فروخت کی جا سکتی ہیں۔ ان میں ایسا مواد ہوتا ہے جو بالغ کمیونٹی کے کچھ حصوں کو ناراض کر سکتا ہے، جیسے عریانیت یا صریح جنسی مواد۔




**زمرہ 1 محدود**

ان اشاعتوں میں عام طور پر جنسی عریانیت کی تصاویر ہوتی ہیں اور انہیں سیل بند ریپر میں تقسیم کیا جانا چاہیے۔ ان کے سرورق عوامی نمائش کے لیے موزوں ہونے چاہئیں۔




**زمرہ 2 محدود**

ان اشاعتوں میں عام طور پر بالغوں کے درمیان رضامندی سے کی جانے والی حقیقی جنسی سرگرمی کی تصاویر ہوتی ہیں۔ انہیں صرف ان مقامات پر فروخت کے لیے دکھایا جا سکتا ہے جو بالغوں تک محدود ہیں۔

## ریفیوزڈ کلاسیفیکیشن یا انکار شدہ درجہ بندی

ریفیوزڈ کلاسیفیکیشن یا انکار شدہ درجہ بندی (RC) سے مراد وہ فلمیں، کمپیوٹر گیمز اور اشاعتیں ہیں جنہیں آسٹریلیا میں فروخت، کرائے، مشتہر یا قانونی طور پر درآمد نہیں کیا جا سکتا۔ RC کے طور پر درجہ بندی کردہ مواد میں ایسا مواد شامل ہے جو عام طور پر قبول شدہ کمیونٹی کے معیارات سے باہر ہے اور R 18+ اور X 18+ ریٹنگز میں شامل کیے جانے والے مواد سے زیادہ ہے۔